نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب کی زیرِ صدارت چاول کی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ کے لئے لاہور میں مشاورتی کانفرنس کا انعقاد

چاول کی برآمدات میں اضافہ کے لئے متعدد عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:05جون2025: صوبہ پنجاب میں اعداد و شمار کے مطابق سالانہ قریباً60لاکھ ایکڑ رقبہ دھان کے زیر کاشت آتا ہے۔ چاول کی برآمدات میں اضافہ کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت متعدد عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں چاول کی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ کے لئے منعقدہ مشاورتی کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں چاول کے کاشتکاروں، ایکسپورٹرز اور محکمہ زراعت پنجاب کے ماہرین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ چاول کی میکانائزڈ فارمنگ کے لئے جدید ٹرانسپلانٹرز اور ہارویسٹرز فراہم کئے جائیں گے۔ دھان کے کاشتہ علاقوں میں 5 ہزار سپر سیڈرز کی تقسیم کا عمل جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ دھان پر صرف سفارش کردہ پیسٹی سائیڈز کا سپرے یقینی بنایا جائے گا۔ انھوں نے واضح کیا کہ کانفرنس میں شریک سٹیک ہولڈرز کی قابلِ عمل تجاویز کو ایکشن پلان میں شامل کیا جائے گا۔

کانفرنس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) اعجاز منیر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر ساجد الرحمان، عامر رسول، چیف ایگریکلچر کیمسٹ ڈاکٹر عابد محمود اور کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر افسران و اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆